SAIF GROUP

SAIF POWER LIMITED

1st Floor, Kashmir Commercial Complex, Fazal-ul-Haq Road, Block E, Blue Area, Islamabad.

# NOTICE OF 22nd ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 22nd Annual General Meeting (AGM) of Shareholders of Saif Power Limited ("the Company") will be held on Friday, April 24, 2026, at 10:45 a.m. at Kehakshan Hall 2, ground floor at the Islamabad Hotel, G-6 Civic Centre, Melody Chowk, Islamabad.

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended December 31, 2025 together with Directors' and Auditors' reports thereon.
2. To consider and approve the final cash dividend of Rs.0.75 per share i.e. 7.5% for the year ended December 31, 2025 as recommended by the Board of Directors. This is in addition to interim cash dividend of Rs. 1.00 per share i.e. 10 % already paid.
3. To appoint auditors of the Company to hold office from the conclusion of the Annual General Meeting until the conclusion of the next Annual General Meeting, and to fix their remuneration. The retiring auditors KPMG Taseer Hadi & co, Chartered Accountants, Islamabad, who being eligible, have offered themselves for re-appointment. The Board of Directors upon recommendation of the Audit Committee has recommended the name of retiring auditors for the next term.

**SPECIAL BUSINESS:**

4. To ratify and approve transactions entered into by the Company with associated Companies in its ordinary course of business by passing the following Special resolutions:-

   "**RESOLVED THAT** the Company be and is hereby authorized to share common expenses with associated Companies which may include but not limited to administrative expenses, salaries, utility expenses, repair and maintenance and other miscellaneous expenses etc. (collectively the "Administrative Expenses")".

   "**RESOLVED FURTHER** THAT the transactions entered into by the Company in its ordinary course of business with related parties during the year ended December 31, 2025 as disclosed in notes to the Financial Statements are hereby ratified and approved."

   "**RESOLVED FURTHER** THAT the Acting Chief Executive and any director of the Company be and are hereby singly authorized to execute/ approve all the transactions to be carried out in its ordinary course of business with associated companies during the ensuing year ending December 31, 2026 and in this connection the Acting Chief Executive and any director of the Company be and are hereby signly authorized hereby also authorized to take any and all necessary actions and to sign execute any and all such documents/indentures as may be required in this regard on behalf of the Company."
   A statement of material facts as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 in respect of Special Business to be transacted at the Annual General meeting is annexed.

5. To transact any other business with permission of the Chair.

BY ORDER OF THE BOARD
s/d
Waseemullah
Company Secretary

Islamabad
April 03, 2026

**Notes:**

i. Share Transfer Books of the Company shall remain closed from **April 18, 2026 to April 24, 2026** (both days inclusive). Transfers received at M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase VII, Karachi-75500. Pakistan, the Registrar and Share Transfer Agent of the Company, by the close of the business on **April 17, 2026** will be treated in time for the purpose of the above entitlement.

ii. A shareholder entitled to attend and vote at this AGM is entitled to appoint a person as a proxy to attend and vote for and on his/her behalf. The instrument appointing a proxy and the power of attorney/Board Resolution or other authority (if any) under which it is signed or a notarized certified copy of the power or authority shall be deposited at the office must be received at the Company's Registered Office not later than 48 hours before the time of holding of the meeting.
CDC individual Account holders or Sub-account holders are required to bring with them their original CNIC / Original Passport along with participant's ID number and their Account numbers in order to facilitate identification. In case of Corporate entity, resolution of the Board of Directors/Power of attorney with specimen signature of nominees shall be required to be produced (unless provided earlier) at the time of meeting.

iii. Shareholders are requested to immediately notify their change in address, if any to share registrar.

iv. As per SECP's SRO 452 dated March 17, 2025, no gifts shall be distributed at the General Meetings.

***SPECIAL NOTES TO SHAREHOLDERS:***

**1. Availability and Transmission of Annual Report:**

**a.** In accordance with the provision of Section 223 of the Companies Act, 2017, the audited financial statements of the Company for the year ended December 31, 2025 are available on the Company's website i.e www.Saifpower.com. However, the Company will provide hard copies of the Annual Report to any member upon request, at their registered address, free of cost, within one week of receiving such request, if the request is made by the member using the standard request form available on the Company's website or by email at info.spl@saifgroup.com.

**b.** Pursuant to SECP's S.R.O. 389 (I)/2023, dated 21st March, 2023 and subsequently approved by the members in the Extraordinary General Meeting held on September 11, 2023, annual audited financial statements for the year ended December 31, 2025 encompassing statement of fianacial position, Statement of profit or loss, auditor's reports, directors' reports, and other relevant financial information have been made available through the following QR enabled code and web-link. Printed notices of the AGM, along with the weblink and QR code to download the Annual Report, have been dispatched to all members.

https://saifpower.com/wp-content/uploads/2026/03/Financial-Statement-2025.pdfQR enabled code

**C**. The Company has electronically transmitted the Notice of AGM and the Annual Report 2025 via email to members whose email addresses are available with the Share Registrar. Printed notices of the AGM, along with the weblink and QR code to download the Annual Report, have been dispatched to all members.

**2. Consent for video conference facility:**

Shareholders can also avail video conference facility under the provision of Section 134 of the Companies Act, 2017 to participate in AGM. Shareholders must hold in aggregate 10% or more shareholding residing in that city and consent of shareholders must reach at the registered address of the Company at least 7 days prior to AGM in order to participate in the meeting through video conference facility.

**3. Payment of cash dividend electronically into the bank account:**

Under the proviso to Section 242 of the Companies Act, 2017, listed companies are required to pay cash dividends only through electronic mode directly into the bank accounts of shareholders. Shareholders holding shares in electronic form are requested to provide their bank account details to their respective Investor Account Services or brokers where their shares are maintained. Shareholders holding physical share certificates are requested to submit their bank account details through the Dividend Mandate Form to the Company's Share Registrar M/s THK ASSOCIATES (PVT) LIMITED, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi, Email: sfc@thk.com.pk Dividend Mandate form is available on the Company's website: www.saifpower.com

**4. Unclaimed dividend**

Shareholders, who for any reason, could not claim their dividend, are advised to contact our Share Registrar : M/s THK ASSOCIATES (PVT) LIMITED, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi, Email:sfc@thk.com.pk and collect/ enquire about their unclaimed dividend.

**5. Withholding tax on dividend**

Tax on dividend income will be deducted as per applicable tax rates for filers and non-filers. To enable the Company to make tax deduction on the amount of cash dividend @7.5% instead 15%, Shareholders are advised to make sure their names are entered into ATL before the date for payment of any future cash dividend otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 15% instead of 7.5%.

All shareholders who hold shares jointly are requested to provide following information regarding shareholding proportions of principal shareholder(s) and Joint-holder(s) in respect of shares held by them, to the Company's Share Registrar**:** THK ASSOCIATES (PVT) LIMITED, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi, Email: sfc@thk.com.pk, latest by April 17, 2026, otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

| | | | Principal Shareholders | | Joint Shareholders | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Company Name | Folio/CDS Account # | Total Shares | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (no of shares) | Name & CNIC # | Shareholding Proportion no of shares) |
| | | | | | | |

**6. Zakat Declaration**

Members desiring non-deduction of zakat are requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.

**7. Deposit of Physical Shares into CDC Account:**

The Shareholders having physical shareholding may open CDC sub-account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC to place their physical shares into book-entry form, this will facilitate them in many ways including safe custody and sale of shares, any time they want. Further, Section 72 of the Companies Act, 2017 ("The Act") states that after the commencement of the Act from a date notified by SECP, a company having share capital, shall have shares in book-entry form only.

**8. E-Voting / Voting by Postal Ballot**:

The Company shall provide its members with facilities for e-voting and voting by postal ballot for all businesses classified as special business, in accordance with the provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

E-Voting Procedure: a) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members who have their valid CNIC numbers, cell numbers and registered e-mail addresses available in the register of the members of the Company by the close of business on April 17, 2026. b) E-voting facility will be available to eligible members from April 21, 2026, at 9:00 am and shall close on April 23, 2026 at 5:00 pm. c) Members can cast their votes at any time in this period. Once the vote on resolutions is casted by a member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

**9. Participation of Shareholders through online Facility:**

The Company will also be providing the online platform / facility to participate in the AGM in the shape of webinar/WebEx/zoom after completing all the formalities required for the verification and identification of the shareholders. The login facility will be opened at 10:30 a.m., on April 24, 2026 enabling the participants to join the proceedings which will start at 10:45 a.m. sharp. For this purpose, members are requested to register themselves by providing the following information through email at info.spl@saifgroup.com, at least 48 hours before the time of AGM: Name of member/proxy holders, CNIC, Folio Number/CDC account No., Cell No./WhatsApp No., and Email address.

## STATEMENT OF MATERIAL FACTS U/S 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

**Agenda no. 4:**

The transactions conducted with associated companies require the approval of the Board on the recommendation of the audit committee on the quarterly basis pursuant to clause 15 of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019. However, since a majority of the Company's directors were interested in the said transactions due to their common directorship and holding of shares in the associated companies, the quorum of the directors could not be formed for approval of these transactions pursuant to Section 207 of the Companies Act, 2017, thus, these transactions are being placed before the members for their approval.

# سیف پاور لمیٹڈ

SAIF GROUP

پہلی منزل کشمیر کمپلیکس۔ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد

## اطلاع برائے 22 واں سالانہ اجلاس

مطلع کیا جاتا ہے کہ سیف پاور لمیٹڈ ("کمپنی") کے حصص یافتگان کا 22 واں سالانہ عمومی اجلاس (AGM) بروز جمعہ 24 اپریل 2026 کو صبح 11:00 بجے بمقام کہکشاں ہال 2، گراؤنڈ فلو، اسلام آباد ہوٹل، جی-6، سوک سینٹر، میلوڈی چوک، اسلام آباد میں منعقد کیا جائیگا۔

**عمومی امور:**

1- 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

2- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے فی شیئر 0.75 روپے (یعنی 7.5 فیصد) حتمی نقد منافع کی منظوری اور ادائیگی پر غور کرنا۔ یہ اس عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے جو پہلے ہی فی شیئر 1.00 روپے (یعنی 10 فیصد) ادا کیا جا چکا ہے۔

3- کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر کرنا جو سالانہ عمومی اجلاس کے اختتام سے لے کر اگلے سالانہ عمومی اجلاس کے اختتام تک اپنے عہدے پر فائز رہیں گے، اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اسلام آباد، جو کہ اہلیت رکھتے ہیں، نے اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر آئندہ مدت کے لیے انہی سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز کے نام کی سفارش کی ہے۔

**خصوصی امور:**

4- کمپنی کی جانب سے معمول کے کاروباری لین دین کے تحت منسلکہ کمپنیوں کے ساتھ کیے گئے معاملات کی توثیق اور منظوری کیلئے درج ذیل خصوصی قراردادیں منظور کی جائیں:

"**یہ قرار دیا جاتا ہے کہ** کمپنی کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ مشترکہ اخراجات (جو کہ انتظامی اخراجات، تنخواہیں، یوٹیلیٹی اخراجات، مرمت و نگہداشت اور دیگر متفرق اخراجات وغیرہ پر مشتمل ہو سکتے ہیں، جنہیں مجموعی طور پر 'انتظامی اخراجات' کہا جائے گا) کو شیئر کرے۔"

"**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ** سال مختتمہ 31 دسمبر 2025 کے دوران کمپنی کی جانب سے ایسوسی ایٹڈ فریقین کے ساتھ معمول کے کاروباری دائرہ کار میں کیے گئے تمام لین دین، جیسا کہ مالیاتی بیانات کے نوٹس میں ظاہر کیا گیا ہے، کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔"

"**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ مورخہ 31 دسمبر 2026 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ معمول کے کاروباری دائرہ کار میں کیے جانے والے تمام لین دین کی منظوری/انجام دے سکیں، اور اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو کو یہ بھی اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے ضروری اقدامات کریں اور مطلوبہ تمام دستاویزات/معاہدات پر دستخط کریں اور انہیں مکمل کریں۔"

5- چیئرمین کی منظوری سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**بحکم بورڈ**

**وسیم اللہ**

**کمپنی سیکریٹری**

اسلام آباد

03 اپریل 2026ء

**نوٹ:**

i- کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 18 اپریل 2026 سے 24 اپریل 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ، میسرز ٹی ایچ کے ایسوی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32-سی، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 کے دفتر میں 17 اپریل 2026 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام منتقلیوں کو مذکورہ بالا استحقاق کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

ii- مذکورہ AGM میں شرکت اور رائے دہی کا اہل حصص یافتگان اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے پراکسی مقرر کر سکتا ہے' اجلاس میں شرکت کرے اور اس کی جانب سے ووٹ دے۔ پراکسی کی تقرری اور پاور آف اٹارنی / بورڈ کی قرارداد یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہو) کے دستاویزات، جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہوں یا پاور یا اتھارٹی کی ایک نوٹرائزڈ مصدقہ کاپی دفتر میں جمع کرائی جائے گی، اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا ضروری ہے۔

سی ڈی سی کے انفرادی اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ شناخت کے مقصد کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC)/ اصل پاسپورٹ بشمول شرکاء آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر اپنے ساتھ اجلاس میں لائیں۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخطی نمونے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ضروری ہوگا۔

iii- حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں۔

iv- ایس ای سی پی کے ایس آر او 452 مورخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق، عام اجلاسوں میں کسی قسم کے تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

**حصص یافتگان کیلئے خصوصی نوٹس:**

**1- سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی اور ترسیل:**

a کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223 کے تحت مورخہ 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.Saifpower.com پر دستیاب ہیں۔ تاہم، کمپنی کسی بھی رکن کو سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ، درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر فراہم کرے گی، بشرطیکہ رکن یہ درخواست کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود معیاری درخواست فارم کے ذریعے یا ای میل کے ذریعے info.spl@saifgroup.com پر جمع کرائے۔

b سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن ایس آر او 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023 کے مطابق، اور بعد ازاں 11 ستمبر 2023 کو منعقدہ غیر معمولی عمومی اجلاس میں اراکین کی منظوری کے بعد، سال ختم شدہ 31 دسمبر 2025 کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے (جس میں بیلنس شیٹ، منافع و نقصان کا حساب، آڈیٹرز کی رپورٹس، ڈائریکٹرز کی رپورٹس اور دیگر متعلقہ مالی معلومات شامل ہیں) درج ذیل کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے دستیاب کر دی گئی ہیں۔

https://saifpower.com/wp-content/uploads/2026/03/Financial-Statement-2025.pdfQR enabled code

کیوآر فعال کوڈ

c کمپنی نے سالانہ اجلاس عام (AGM) کا نوٹس اور سالانہ رپورٹ 2025 الیکٹرانک طور پر ان اراکین کو ای میل کے ذریعے ارسال کر دی ہے جن کے ای میل ایڈریس شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہیں۔ سالانہ اجلاس عام کے مطبوعہ نوٹس، سالانہ رپورٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ویب لنک اور کیوآر کوڈ کے ساتھ، تمام اراکین کو ارسال کر دیے گئے ہیں۔

**2- ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی:**

سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے حصص یافتگان کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 134 کے تحت ویڈیو کانفرنس سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ حصص یافتگان کو اس شہر میں رہائش پذیر مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد شیئرز کا حامل ہونا ضروری ہے اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس اجلاس ہذا میں شرکت کے سلسلے میں سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 7 دن قبل حصص یافتگان کی رضامندی کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر لازماً موصول ہو جائے۔

**3- بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طور پر نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیز کیلئے ضروری ہے کہ وہ حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف بنک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک انداز میں براہ راست ادا کریں۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنی معلومات اپنے انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا اپنے بروکرز جہاں حصص الیکٹرانک انداز میں موجود ہیں، جمع کرائیں۔ فزیکل حصص رکھنے والے حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ وہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم پر اپنی معلومات کمپنی کے درج ذیل شیئرز رجسٹرار کو جمع کرائیں: میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، DHA فیز VII کراچی، ای میل: sfc@thk.com.pk۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ: www.saifpower.com پر دستیاب ہے۔

**4- غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا شدہ منافع منقسمہ:**

وہ حصص یافتگان جو اپنا ڈیویڈنڈ وصول نہیں کر سکے انہیں ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، DHA فیز VII کراچی، ای میل: sfc@thk.com.pk تاکہ غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ کے بارے میں پوچھ گچھ/وصولی کر سکیں۔

**5- منافع پر ٹیکس کی کٹوتی:**

ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ٹیکس فائلرز اور نان فائلرز کیلئے قابل اطلاق ٹیکس کی شرح کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔ کمپنی کو 15 فیصد کی بجائے 7.5 فیصد کی شرح سے نقد ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام مستقبل کے کسی بھی نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل ATL میں درج کرائیں، بصورت دیگر ان کے نقد ڈیویڈنڈ پر ٹیکس میں 7.5 فیصد کے بجائے 15 فیصد کی شرح سے کٹوتی کی جائے گی۔

تمام مشترکہ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32-سی، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی کو، ای میل: sfc@thk.com.pk پر، 17 اپریل 2026ء تک لازماً یہ معلومات فراہم کر دیں کہ ان کے زیر قبضہ شیئرز میں

پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر(ز) کا تناسب کتنا ہے، بصورت دیگر یہ فرض کر لیا جائے گا کہ تمام شیئرز پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر(ز) کے پاس حصص یکساں طور پر موجود ہیں۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ# | کل حصص | پرنسپل حصص یافتگان | | جوائنٹ ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC# | حصص یافتگی کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور CNIC# | حصص یافتگی کا تناسب (حصص کی تعداد) |

**6- زکوۃ ڈکلریشن:**

زکوۃ کی عدم کٹوتی کے خواہشمند ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوۃ عدم کٹوتی کیلئے ایک درست اقرارنامہ جمع کرائیں۔

**7- سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل حصص جمع آوری:**

وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئرز (کاغذی صورت میں) رکھتے ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC سب اکاؤنٹ یا براہ راست CDC کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔ اس سے انہیں متعدد سہولیات حاصل ہوں گی، جس میں کسی بھی وقت حصص کی محفوظ تحویل اور فروخت شامل ہیں۔ مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت، اس ایکٹ کے آغاز کے بعد، جس کی تاریخ SECP کی جانب سے نوٹیفائی کی جائے گی، کوئی بھی کمپنی جو شیئر کیپیٹل رکھتی ہو، صرف بک انٹری فارم میں ہی شیئرز جاری کرنے کی پابند ہوگی۔

**8- ای-ووٹنگ/ ڈاک کے ذریعے ووٹنگ:**

کمپنی اپنے اراکین کو خصوصی نوعیت کے تمام معاملات کے لیے کمپنیز (ڈاک کے ذریعے ووٹنگ) ریگولیشنز 2018 کے تحت، ای-ووٹنگ اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کرے گی۔

a) ای-ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبرز، موبائل نمبرز اور رجسٹرڈ ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبرز رجسٹر میں 17 اپریل 2026 کو کاروبار کے اختتام تک موجود ہوں گے۔

b) ای-ووٹنگ کی سہولت اہل ممبران کے لیے 21 اپریل 2026 صبح 9:00 بجے سے دستیاب ہوگی اور 23 اپریل 2026 شام 5:00 بجے بند ہو جائے گی۔

c) ممبران اس دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ تاہم، ایک بار جب کسی قرارداد پر ووٹ دے دیا جائے گا، تو اسے بعد ازاں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**9- آن لائن سہولت کے ذریعے حصص یافتگان کی شرکت:**

حصص یافتگان کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے، کمپنی حصص یافتگان کی تصدیق اور شناخت کے لیے درکار تمام رسمی کارروائیوں کو مکمل کرنے کے بعد ویبنار/ ویبکس/ زوم کے ذریعے AGM میں شرکت کے لیے آن لائن پلیٹ فارم/سہولت فراہم کرے گی۔ لاگ ان کی سہولت 24 اپریل 2026، کو صبح 10:30 بجے کھولی جائے گی جس سے شرکا، کارروائی میں شامل ہو سکیں گے جو صبح 10:45 بجے شروع ہوگی۔ اس مقصد کیلئے حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مندرجہ ذیل معلومات پر کسی/ممبر کا نام CNIC /فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر/ موبائل نمبر/ واٹس ایپ نمبر اور ای میل ایڈریس info.spl@saifgroup.com پر ای میل کرکے اپنا اندراج کرائیں۔

## ٹھوس حقائق کا بیان سیکشن (3)134 کے تحت، کمپنیز ایکٹ 2017

**ایجنڈا نمبر 4:**

یسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کی جانے والی لین دین کی منظوری بورڈ سے حاصل کرنا ضروری ہے، جو آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر سہ ماہی بنیادوں پر کی جاتی ہے، جیسا کہ 2019 کے فہرست شدہ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ) ریگولیشنز کی شق 15 میں بیان کیا گیا ہے۔ تاہم، چونکہ کمپنی کے زیادہ تر ڈائریکٹرز ان لین دین میں دلچسپی رکھتے تھے کیونکہ ان کا مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت تھی، اس لیے ڈائریکٹرز کا کورم ان لین دین کی منظوری کے لیے تشکیل نہیں پا سکا جیسا کہ کمپنیز یکٹ 2017 کی سیکشن 207 میں بیان کیا گیا ہے، لہذا یہ لین دین ممبران کی منظوری کے لیے پیش کیے جا رہے ہیں۔